G20 Culture Ministers Meeting hosted by Italy

July 30, 2021

اٹلی نے جی 20 ممالک کے وزراء برائے ثقافت کی میٹنگ کی میزبانی کی

30 جولائی، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ وثقافت محترمہ میناکشی لیکھی نے 30 جولائی 2021 کو جی 20 ممالک کے وزراء برائے ثقافت کی میٹنگ میں شرکت کی۔ اس میٹنگ کی میزبانی اٹلی نے 2021 میں جی 20 ممالک کی جاری صدارت کے دوران کی۔

ثقافتی ورثے کے تحفظ، ثقافت کے ذریعے موسمیاتی بحران سے نمٹنے، ٹریننگ اور تعلیم کے ذریعے صلاحیت سازی، ڈیجیٹل ٹرانزیشن اور ثقافت کے لیے نئی ٹیکنالوجیز اور ثقافت اور تخلیقی شعبے ترقی کے محرکات پر بات چیت ہوئی۔

معزز وزیر مملکت برائے امور خارجہ وثقافت نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کیا اور 'ثقافت اور تخلیقی شعبوں کو ترقی کے محرک کے طور پر' کے موضوع پر ہندوستان کا نقطہ نظر پیش کیا۔ انہوں نے اقتصادی ترقی اور روزگار کی فراہمی کے لئے ثقافت اور تخلیقی شعبوں کی اہمیت کو اجاگر کیا، اس کے ساتھ ساتھ ان خواتین، نوجوانوں اور ان مقامی کمیونٹیز کو زیادہ مواقع فراہم کرنے کے امکانات کی اہمیت کو اجاگر کیا جن کے پاس قیمتی اور متنوع ثقافتی روایات اور طریقے ہیں، تاکہ پروڈکشن اور کھپت کے ان طریقہ کار کو فروغ دیا جا سکے جو کہ زیادہ ماحول دوست ہیں جیسا کہ ہینڈلوم، دستکاری اور کھادی وغیرہ کی پروڈکشن ہین جو کہ ہندوستان کے لیے اہم اور مطابق ہیں۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ثقافت اور تخلیقی شعبے روزگار پیدا کرنے، عدم مساوات کو کم کرنے، پائیدار انداز میں ترقی کو فروغ دینے اور لوگوں کو الگ شناخت فراہم کرنے کے ذریعے ترقی کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔

انہوں نے ثقافت اور تخلیقی شعبوں کی ترقی کے لیے بھارت کی طرف سے اٹھائے گئے مختلف اقدامات پر روشنی ڈالی جیسے کہ اتر پردیش حکومت کی ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ اسکیم، سیاحت سرکٹس، یوگا اور آیوروید کا فروغ وغیرہ۔

انہوں نے ثقافتی اور تخلیقی شعبوں سے جڑے عام مسائل سے نمٹنے اور عوامی پالیسیوں کو مناسب طریقے سے مطلع کرنے اور ڈھالنے کے لیے بین الاقوامی مکالمے اور تعاون کی ضرورت پر زور دیا اور اس کی حمایت کی۔

انہوں نے بین الاقوامی ثقافتی تعاون اور معاشروں کے ثقافتی اور تخلیقی شعبوں کی معاونت اور سہولت فراہم کرنے کی کوششوں میں ہندوستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈسکشن کے اختتام پر، جی 20 وزراء ثقافت نے جی 20 کلچر ورکنگ گروپ کے ریفرنس کے شرائط کو اپنایا۔

جی 20 کے وزراء ثقافت نے قومی اور عالمی سطح پر ثقافت کے مضبوط معاشی اور سماجی اثرات کو دیکھتے ہوئے، جی 20 کے کام کے سلسلے میں ثقافت کے تعارف کی وکالت کے لیے جی 20 رہنماؤں کے ذریعہ 2021 منعقدہ اجلاس میں جمع کرانے کے لیے وزارتی اعلامیہ اپنایا۔

نئی دہلی

30 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.